سوال

(41)جنازہ میں مقتدی خواہ امام کہ ہاتھ کانوں تک ہر تکبیر کے ساتھ اٹھانا ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جنازہ میں مقتدی خواہ امام کہ ہاتھ کانوں تک ہر تکبیر کے ساتھ اٹھانا چاہیے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازہ میں ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانا مستحب ہے۔ بلکہ بقول مولانا عبد الحیٔ لکھنوی مرحوم امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ صاحب سے بھی روایت آئی ہے۔ شرح وقایہ (یکم شعبان 37 ہجری)

شرفیہ

اس میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ سے آثار جزرفع الیدین بخاری میں ہیں(1)۔

1تکبیرات جنازہ کے ساتھ رفع الیدین کے بارے میں کوئی صریح مرفوع قولی یا فعلی یا تقریری حدیث موجود نہیں ہے۔ البتہ بعض صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین سے ضرور ثابت ہے۔ اس موقوف روایت و نیز بعض ضعیف احادیث کی رو سے تکبیرات جنازہ کے ساتھ رفع یدین کرنا جائز ہے۔ بدعت یا ممنوع نہیں ہے۔ (حضرت مولانا عبید اللہ رحمانی (19 مئی 53ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص50

محدث فتویٰ